تعارف تو دینی ذوق رکھنے والے خواندہ طبقہ کو ہو ہی چکا ہے۔ مگر الفرقان کی اس اشاعت خاص کے مطالعہ سے بہت سی تفصیلی معلومات حاصل ہو سکتی ہیں۔ جن لوگوں کو خانقاہیت اور پیری مریدی اور تصوف کے پیرایہ میں خدمت اسلام کرنے سے دلچسپی ہو۔ ان کے لیے مولانا الیاس مرحوم کی سیرت اور دعوتی مساعی پر لکھی ہوئی یہ کتاب دلچسپ ہوگی۔

دلائل توحید باری تعالیٰ۔ مؤلفہ جناب عبد الرؤف خانصاحب رحمانی۔ قیمت نامعلوم۔

جناب مؤلف سے طلب کریں۔

توحید باری تعالیٰ کے پیش کرنے کے لیے قرآن کے دعوتی اسلوب کے بجائے اس میں کچھ منطقیانہ اور کچھ مناظرانہ انداز اختیار کیا گیا ہے، اس وجہ سے ہمارے نقطۂ نظر سے کتاب اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہے۔ پھر توحید کی ماہیت کو پوری طرح آشکارا کرنے کے لیے یہ ضروری تھا کہ اس کے عملی تقاضوں پر بحث ہوتی اور زندگی میں شرک سے جو اختلال اور توحید سے جو ہمواری پیدا ہوتی ہے، اس کی تفصیل کی جاتی۔ یہ کتاب اس امر کی شہادت نہیں دیتی کہ جناب مولف قرآن کے فلسفۂ اثبات توحید میں گہری نظر رکھتے ہیں!

حقائق الاسلام۔ مؤلفہ جناب حافظ محمد سرور صاحب کیانی۔ قیمت ۸؍

ملنے کا پتہ:- دفتر جماعت اسلامیہ، نزد مسجد جمعہ خاں، کوہاٹ، صوبہ سرحد۔

جذبۂ خدمت اسلام و اصلاح مسلمین کے تحت لکھی ہوئی یہ کتاب ایمان و اسلام یا عقیدہ و عمل کو ایک شے قرار دیتی ہے اور عملاً اخلاق و اعمال انسانی سے انحراف کرنے والے مدعیان ایمان و اسلام کی تکفیر کرتی ہے، اور اس شے سے ہمیں اتفاق نہیں۔ مبلغ کا یہ کام نہیں کہ وہ مخاطبین کی تکفیر سے آغاز کرے۔ نہ ایک با اختیار جماعت کے سوا کسی کو تکفیر کرنے کا شرعاً حق حاصل ہے۔ یہ تو قضا سے تعلق رکھنے والا ایک معاملہ ہے اور اس کے تقاضے صرف ریاست اسلامی ہی پورے کر سکتی ہے۔

توافق للبقا از نسیم صدیقی۔ قیمت ۱؍۔ ملنے کا پتہ:- دارالاشاعت نشاۃ ثانیہ، چنچل گوڑہ، حیدرآباد، دکن۔

یہ چونکہ راقم الحروف ہی کا ایک مضمون ہے اور ترجمان القرآن میں شائع بھی ہو چکا ہے، اس وجہ سے اس پر رائے دینا غیر ضروری ہے۔